## 3767 ـ شادی کی ابتداء میں منع حمل

**سوال**

میرا خاوند یہ نہیں چاہتا کہ بچے پیدا ہوں ، اورہمیشہ ہی وہ حمل کے ابتدائي مراحل میں مجھ سے مطالبہ کرتا ہے کہ میں حمل ساقط کرادوں ( ماہواری ختم ہونے کے پہلے ہفتہ میں ہی ) تواس میں اسلام کا حکم کیا ہے ؟
خاوند کا کہنا ہے کہ اس کے بارہ میں ساری مسؤلیت اس کی ہے ، جب وہ ایسا کرنے پر حریص ہوتومجھے کیا کرنا چاہیے ، باقی معاملات میں وہ بہت ہی اچھا مسلمان خاوند ہے ؟
آپ سے گزارش ہے کہ آپ میری راہنمائی فرمائیں ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا :

کیا شادی کے ابتدائي دوبرس میں خاوند اوربیوی کی رضامندی سےمنع حمل جائز ہے ، تا کہ خاوند اوربیوی کے مابین ازدواجی زندگي میں استمرار پر اطمنان ہوسکے ؟

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا مندرجہ ذیل جواب تھا :

ایسا کرنا حرام نہیں ، لیکن بہتر اورافضل یہ ہے کہ ایسا نہ کیا جائے بلکہ انہیں نیک شگون اورنیک فال لینی چاہیے اوراللہ تعالی پر حسن ظن رکھنا چاہیے ۔ انتھی ۔

اوریہ بھی ہوسکتا ہے کہ بچہ کی پیدائش میں جلدی خاوند اوربیوی کے مابین محبت والفت اورتعلقات میں زیادتی اوررشک و غبطہ پیدا کرے ، اوروہ بچہ خاوند اوربیوی اوران کے خاندان والوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔

واللہ اعلم .